# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON FINANCE AND REVENUE ON "THE STATE-OWNED ENTERPRISES (GOVERNANCE AND OPERATIONS) BILL, 2024"

I, Chairman of the Standing Committee on Finance and Revenue have the honor to present this report on the Bill to amend the State-Owned Enterprises (Governance and Operations) Act, 2023 (Act No. VII of 2023) [The State-Owned Enterprises (Governance and Operations) (Amendment) Bill, 2024], as passed by the Senate, referred to the Committee on 9th July, 2024.

2. The Committee comprises the following: -

| | | |
|---|---|---|
| **(01).** | **Syed Naveed Qamar** | **Chairman** |
| (02). | Mr. Bilal Azhar Kayani | Member |
| (03). | Rana Iradat Sharif Khan | Member |
| (04). | Syed Sami Ul Hasan Gilani | Member |
| (05). | Ms. Zeb Jaffar | Member |
| (06). | Mr. Muhammad Usman Awaisi | Member |
| (07). | Mr. Waseem Qadir | Member |
| (08). | Mr. Kesoo Mal Kheal Das | Member |
| (09). | Ms. Hina Rabbani Khar | Member |
| (10). | Mr. Ali Jan Mazari | Member |
| (11). | Dr. Mirza Ikhtiar Baig | Member |
| (12). | Dr. Nafisa Shah | Member |
| (13). | Mr. Arshad Abdullah Vohra | Member |
| (14). | Mr. Hussain Ellahi | Member |
| (15). | Mr. Omar Ayub Khan | Member |
| (16). | Mr. Shahram Khan | Member |
| (17). | Mr. Muhammad Mobeen Arif | Member |
| (18). | Mr. Usama Ahmed Mela | Member |
| (19). | Mr. Muhammad Ali Sarfraz | Member |
| (20). | Ms. Shahida Begum | Member |
| (21). | Minister for Finance and Revenue | Ex-officio Member |

3. The Committee considered the Bill as passed by the Senate placed at Annexure-A, in its meeting held on 10-07-2024 and recommended that the Bill may be passed by the Assembly.

**Sd/-**
**(SYED NAVEED QAMAR)**
Chairman

**Sd/-**
**( TAHIR HUSSAIN )**
Secretary General
Islamabad, the 10th July, 2024

**ANNEX – A**

**[AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]**

A

BILL

to amend the State-Owned Enterprises (Governance and Operations) Act, 2023

**WHEREAS** it is expedient to amend the State-Owned Enterprises (Governance and Operations) Act, 2023 (Act No. VII of 2023) for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:

1. **Short title and commencement.**– (1) This Act may be called the State-Owned Enterprises (Governance and Operations) (Amendment) Act, 2024.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 4, Act No. VII of 2023.**– In the State-Owned Enterprises (Governance and Operations) Act, 2023 (Act No. VII of 2023), hereinafter referred to as the said Act, clause (k) in sub-section (2) of section 4 shall be omitted.

3. **Amendment of section 10, Act No. VII of 2023.**– (1) In the said Act, in section 10,

(i) in sub-section (2),-

(a) in clause (a), after semicolon the word "and" shall be omitted; and

(b) in clause (b), for full stop at the end, a semicolon shall be substituted and thereafter following new clauses shall be added, namely:

"(c) evaluating the performance of ex-*officio* and independent directors; and

(d) recommending the removal of a director or directors to the Federal Government on the basis of evaluating the performance of such director or directors."

(ii) in sub-section (3), after the words "performing its functions" the words "under clauses (a) and (b) of sub-section (2)" shall be inserted; and

(iii) after sub-section (3), amended as aforesaid, the following new sub-section shall be added, namely:-

"(3A). In carrying out its functions under clauses (c) and (d) of sub-section (2) of section 10, the Board Nomination Committee shall evaluate the performance of a director or directors of a state-owned enterprise based on the objectives and principles laid down in Chapters 2, 3 and 4 of this Act, to the extent applicable to a Board of *a* state-owned enterprise."

4. **Amendment of section 13, Act No. VII of 2023.-** (1) In the said Act, in section 13,

(i) in sub-section (1), the following *proviso* shall be inserted, namely:-

"Provided that for reasons to be recorded, the Federal Government may remove a director or directors on the recommendation of the Board Nominations Committee under clause (d) of sub-section (2) of section 10."

(ii) in sub-section (2),

(a) for the word "An" appearing in the beginning, the expression "Save for as provided in the proviso to sub-section (1) of section 13, an" shall be substituted; and

(b) clause (b) shall be omitted.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The State Owned Enterprises (Governance and Operations) Act was promulgated in February, 2023. The Act, inter alia, provides for the matters relating to constitution of Boards of Directors of SOEs. There is presently a need to reconstitute the Boards of SOEs to better align them with the reform initiatives aimed at restructuring and transformation as well as privatization of certain entities. In order to achieve the above objective, there is a need to strengthen the provisions for removal of directors under the SOE Act, 2023.

2. This Bill is designed to achieve the aforesaid purpose.

**Sd/-**
**(MUHAMMAD AURANGZEB)**
Minister for Finance and Revenue

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## ”ریاستی ملکیتی کاروباری ادارے (گورننس اینڈ آپریشنز) بل، ۲۰۲۴ء“ پر قائمہ کمیٹی برائے خزانہ ومحاصل کی رپورٹ۔

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے خزانہ ومحاصل ۹ جولائی، ۲۰۲۴ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ ریاستی ملکیتی کاروباری ادارے (گورننس اینڈ آپریشنز) ایکٹ، ۲۰۲۳ء (ایکٹ نمبر ے بابت ۲۰۲۳ء) میں ترمیم کرنے کے بل [ریاستی ملکیتی کاروباری ادارے (گورننس اینڈ آپریشنز) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | **سید نوید قمر** | **چیئرمین** |
| ۲۔ | جناب بلال اظہر کیانی | رکن |
| ۳۔ | رانا ارادت شریف خان | رکن |
| ۴۔ | سید سمیع الحسن گیلانی | رکن |
| ۵۔ | محترمہ زیب جعفر | رکن |
| ۶۔ | جناب محمد عثمان اویسی | رکن |
| ۷۔ | جناب وسیم قادر | رکن |
| ۸۔ | جناب کیسو مل کھیل داس | رکن |
| ۹۔ | محترمہ حنا ربانی کھر | رکن |
| ۱۰۔ | جناب علی جان مزاری | رکن |
| ۱۱۔ | ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ | رکن |
| ۱۲۔ | ڈاکٹر نفیسہ شاہ | رکن |
| ۱۳۔ | جناب ارشد عبداللہ وہرا | رکن |
| ۱۴۔ | جناب حسین الہٰی | رکن |
| ۱۵۔ | جناب عمر ایوب خان | رکن |
| ۱۶۔ | جناب شہرام خان | رکن |
| ۱۷۔ | جناب محمد مبین عارف | رکن |
| ۱۸۔ | جناب اسامہ احمد میلہ | رکن |
| ۱۹۔ | جناب محمد علی سرفراز | رکن |
| ۲۰۔ | محترمہ شاہدہ بیگم | رکن |
| ۲۱۔ | وزیر برائے خزانہ ومحاصل | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۱۰/جولائی، ۲۰۲۴ء کو منعقدہ اپنے اجلاس میں منسلکہ ”الف“ کے طور پر سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ بل پر غور کیا اور سفارش کی کہ اسمبلی بل کی منظوری دے۔

دستخط/۔
**(طاہر حسین)**
سیکرٹری جنرل
اسلام آباد، ۱۰/جولائی، ۲۰۲۴ء

دستخط/۔
**(سید نوید قمر)**
چیئرمین

مسلکہ۔الف

[قائمہ کمیٹی کی جانب سے رپورٹ کردہ صورت میں]

# ریاستی ملکیتی کاروباری ادارے (گورننس اینڈ آپریشنز) ایکٹ، ۲۰۲۳ء میں ترمیم کرنے کا

# بل

ہر گاہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے ریاستی ملکیتی کاروباری ادارے (گورننس اینڈ آپریشنز) (ایکٹ نمبر ۷ بابت ۲۰۲۳ء) میں ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا ریاستی ملکیتی کاروباری ادارے (گورننس اینڈ آپریشنز) (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۷ بابت ۲۰۲۳ء کی دفعہ ۴ میں ترمیم۔** ریاستی ملکیتی کاروباری ادارے (گورننس اینڈ آپریشنز) ایکٹ، ۲۰۲۳ء (ایکٹ نمبر ۷ بابت ۲۰۲۳ء) جس کا بعد ازیں مذکورہ ایکٹ کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے، میں دفعہ ۴ کی ذیلی دفعہ (۲) کی شق (ک) کو حذف کر دیا جائے گا۔

۳۔ **ایکٹ نمبر ۷ بابت ۲۰۲۳ء کی دفعہ ۱۰ میں ترمیم۔** (۱) مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۰ میں،

(i) ذیلی دفعہ (۲) میں۔

(الف) شق (الف) میں نیم شرحہ کے بعد لفظ "اور" حذف کر دیا جائے گا؛ اور

(ب) شق (ب) میں آخر میں آنے والے وقف کامل کو نیم شرحہ سے تبدیل کر دیا جائے گا اور اس کے بعد حسب ذیل نئی شقات کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(ج) ڈائریکٹر بلحاظ عہدہ اور آزاد ڈائریکٹرز کی کارکردگی کی جانچ پڑتال؛ اور

(د) کارکردگی کی بنیاد پر ڈائریکٹر یا ڈائریکٹرز کی برطرفی کی وفاقی حکومت سے سفارش کرنا۔"

(ii) ذیلی دفعہ (۳) میں الفاظ "اپنے فرائض کی ادائیگی" کے بعد الفاظ "ذیلی دفعہ (۲) کی شقات (الف) اور (ب) کے تحت" شامل کر دیئے جائیں گے؛ نیز

(iii) ذیلی دفعہ (۳) کے بعد، بالا کی طرح ترمیم شدہ حسب ذیل نئی دفعہ کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(۳/الف) دفعہ ۱۰ کی ذیلی دفعہ (۲) کی شق (ج) اور (د) کے تحت اپنے فرائض کی انجام دہی میں، بورڈ نامزدگی کمیٹی ایکٹ ہذا کے باب ۲، ۳ اور ۴ میں بیان کردہ مقاصد اور اصولوں کی بنیاد پر کسی ریاستی ملکیتی کاروباری ادارہ کے ڈائریکٹر یا ڈائریکٹرز کی کارکردگی کا اس حد تک جائزہ لے گی جو ریاستی ملکیتی کاروباری ادارہ کے بورڈ پر لاگو ہوں۔"

۴۔ **ایکٹ نمبر ۷ بابت ۲۰۲۳ء دفعہ ۱۳ میں ترمیم۔** (۱) مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۳ میں،

(i) ذیلی دفعہ (۱) میں، حسب ذیل جملہ شرطیہ شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"مگر شرط یہ ہے کہ ریکارڈ کی جانے والی وجوہات کی بناء پر وفاقی حکومت دفعہ ۱۰ کی ذیلی دفعہ (۲) کی شق (د) کے تحت بورڈ نامزدگی کمیٹی کی سفارش پر کسی ڈائریکٹر یا ڈائریکٹرز کو عہدہ سے ہٹا سکتی ہے"۔

(ii) ذیلی دفعہ (۲) میں،

(الف) شروع میں واقع لفظ "ایک" کو عبارت "دفعہ ۱۳ کی ذیلی دفعہ (۱) کے جملہ شرطیہ میں صراحت کردہ کے ماسوا، ایک" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

(ب) شق (ب) کو حذف کر دیا جائے گا۔

## بیان اغراض ووجوہ

ریاستی ملکیتی کاروباری ادارے (گورننس اینڈ آپریشنز) ایکٹ، فروری، ۲۰۲۳ء میں نافذ کیا گیا تھا۔ اس ایکٹ میں دیگر معاملات کے ساتھ ساتھ ایس او ایز کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تشکیل سے متعلق منجملہ معاملات کی صراحت کی گئی ہے۔ اس وقت ایس او ایز کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تشکیل نو کی ضرورت ہے تاکہ انہیں اصلاحاتی اقدامات کے ساتھ بہتر طور پر ہم آہنگ کیا جا سکے جس کا مقصد کچھ اداروں کی تنظیم نو اور انہیں بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ ان کی نجکاری بھی ہے۔ مذکورہ مقصد کے حصول کے لیے ایس او ای ز ایکٹ، ۲۰۲۳ء کے تحت ڈائریکٹرز کو ہٹانے کی دفعات کو مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔

۲۔ بل مذکورہ بالا مقصد کے حصول کے لیے وضع کیا گیا ہے۔

دستخط/-

**جناب محمد اورنگزیب**

وزیر برائے خزانہ